سوال

(472)اللہ تعالی نے کتنے نبی زندہ آسمان پر اٹھائے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اللہ تعالیٰ نے کتنے نبی زندہ آسمان پر اٹھائے ؟ ہمیں حضرت ابراہیم علیہ السلام حضرت ادریس علیہ السلام اور حضرت آدم علیہ السلام کے متعلق بتائیں کہ ان کی قبریں کہاں ہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

نص صریح صحیح میں صرف حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ذکر ہے اور حضرت ادریس کے بارے میں بعض آثار واقوال وارد ہیں ۔ امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ "فتاویٰ کبریٰ "میں فرماتے ہیں کسی بھی نبی کی قبر کے بارے میں یقیناً کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ وہ ؟ سوائے ہمارے رسول حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ ان کی قبر مبارک ۔ مدینہ منورہ میں مسجد نبوی کے کو نے میں واقع ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص761

محدث فتویٰ